# وزیراعظم کی اٹلی کے وزیراعظم سے ملاقات

09ستمبر 2023

وزیر اعظم جناب نریندر مودی نے نئی دہلی میں جی 20 سربراہی اجلاس کے موقع پر اطالوی جمہوریہ کی وزیر اعظم محترمہ جورجیا میلونی کے ساتھ ون آن ون میٹنگ کی۔ قابل ذکر بات یہ ہے کہ مارچ 2023 میں اپنے سرکاری دورے کے بعد وزیر اعظم میلونی کا ہندوستان کا یہ دوسرا دورہ ہے۔ اس دورے کے دوران، دونوں ممالک نے اپنے دوطرفہ تعلقات کو سٹریٹجک پارٹنرشپ کا درجہ دیا۔

2. وزیر اعظم نے ہندوستان کی جی20 چیئرمین شپ کے لئے اٹلی کی حمایت کے لئے اظہار تشکر کیا اور عالمی بایو ایندھن اتحاد اور ہندوستان-مشرق وسطی-یورپ اقتصادی راہداری میں اٹلی کی شرکت کی تعریف کی۔

3. دونوں رہنماؤں نے اپنے ممالک کے درمیان سفارتی تعلقات کی 75ویں سالگرہ کے حوالے سے اطمینان کا اظہار کیا۔ انہوں نے ہندوستان-اٹلی اسٹریٹجک شراکت داری کے مختلف پہلوؤں میں ہونے والی پیش رفت کا جائزہ لیا اور دفاع اور ابھرتی ہوئی ٹیکنالوجی جیسے شعبوں میں تعاون کو بڑھانے کی اہمیت پر اتفاق کیا۔ انہوں نے عالمی برادری کے وسیع تر فائدے کے لیے جی7 اور جی 20 کے درمیان ہم آہنگی کی ضرورت پر زور دیا۔

4. وزیراعظم میلونی نے کامیاب جی 20 سربراہی اجلاس پر وزیراعظم کو مبارکباد دی۔

**نئی دہلی**
**09ستمبر 2023**